نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار گندم کی پچھیتی کاشت 10 دسمبر تک مکمل کرلیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر گندم کی منظور شدہ اقسام کے بیج کے تھیلے کی قیمت میں خصوصی ڈسکاؤنٹ

لاہور:03 دسمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار گندم کی پچھیتی کاشت 10 دسمبر سے پہلے مکمل کرلیں اور تاخیر سے بچنے کیلئے جہاں ضروری ہو خشک بوائی کریں۔10 دسمبر تک کاشت کی صورت میں کاشتکار گندم کی منظور شدہ اقسام اکبر 19، بھکر سٹار 19، اجالا 16 اور اناج 17 کی کاشت کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر گندم کی منظور شدہ اقسام کے بیج کی قیمت 6300 روپے فی تھیلا (50 کلوگرام) سے کم کر کے 4500 روپے فی تھیلا (50 کلوگرام) کردی ہے۔گندم کا بیج پنجاب سیڈ کارپوریشن کے فروخت مراکز کے علاوہ رجسٹرڈ ڈیلرز سے بھی رعایتی قیمتوں پر دستیاب ہے۔گندم کی کاشت کیلئے شرح بیج 50 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔گندم کے کاشتکار آبپاش علاقوں میں فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے **کمزور زمین** میں دو بوری ڈی اے پی + دو بوری یوریا + ایک بوری ایس او پی/ ایم او پی فی ایکڑ ڈالیں۔**اوسط زمین** میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + پونے دو بوری یوریا + ایک بوری ایس او پی/ ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں جبکہ **زرخیز زمین** کیلئے سوا بوری ڈی اے پی + ڈیڑھ بوری یوریا + ایک بوری ایس او پی/ ایم او پی فی ایکڑ ڈالیں۔اگر کسی وجہ سے فاسفورسی کھاد بوقت بوائی نہ ڈالی جاسکے تو پہلے پانی کے ساتھ ڈالیں۔پچھیتی کاشت کی صورت میں کھادوں کی پوری مقدار بوقت کاشت ہی ڈالیں۔

☆☆☆☆